Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۰ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۲ رجب المرجب ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۶ء جلد ۲۸

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

(۱)	تبدیلی تاریخ سالگرہ ہر ہائینس نواب رفعت زمانی بیگم صاحبہ دام اقبالہا	۲	(۵)	تقرر و تبادلہ جات اسٹیٹ افسران صیغہ فوج	۳ تا ۵
(۲)	انتظام سلسلہ رخصت عالیمرتبت صاحبزادہ چیف منسٹر بہادر	۵	(۶)	منظوری کوئیٹ بمدت ڈپوٹیشن عالیمرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس	۶
(۳)	منظوری اضافہ تنخواہ صاحبزادہ نائب سکریٹری بہادر	۵			
(۴)	،، رخصت منظوری سید قمر صاحب	۵۲	(۷)	اظہار خوشنودی مزاج ہمایوں بصلہ انجام کام انجینیر صاحب و ترقی	،،

آرڈرز اِن اسٹیٹ کونسل رامپور

۱	عطائے اختیار اجازت تعمیر دیوار درمیانی وغیرہ بہ ٹاؤن ایریا کمیٹی ٹانڈہ۔	۷	۳	منظوری تقرر ماسٹر عزیز احمد قریشی ساکن ضلع غیر بعہدہ ویونگ اسکول۔	۸
۲	منظوری ٹریننگ سپرنٹنڈنٹ و منیجر اسٹیٹ پریس رامپور		۴	منظوری الاؤنس وغیرہ ایگزیکٹو انجینیر صاحب تعمیرات شہر	۹

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- واقع ۳ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

ہرہائینس نواب رفعت زمانی بیگم صاحبہ کی سالگرہ کی آفیشل ڈیٹ بجائے ۱۰ر دسمبر ۱۹۳۶ء کے ۱۵ر فروری ۱۹۳۶ء مقرر کیجاتی ہے۔ اسی روز تعطیل ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

روبکار:- واقع ۳ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

عالیمرتبت خانبہادر مسٹر مسعود الحسن صاحب چیف منسٹر بسلسلہ علالت ہنوز کمزور ہیں۔ بغرض تبدیل آب وہوا نینی جانے کی ضرورت ہے ایک ماہ تین یوم رخصت رعایتی کے مستحق ہیں۔ لہذا حسب استدعا ۴ر اکتوبر سے رخصت منظور کیجاتی ہے اور ایام رخصت میں حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) عالیمرتبت مسٹر سید بشیر حسین زیدی صاحب بہادر عہدہ چیف منسٹر کی خدمات انجام دینگے اور تا واپسی عالیمرتبت مسٹر سائمن صاحب ریونیو و فنانس منسٹر بہادر بدستور ان کے انچارج رہینگے۔

(۲) عالیمرتبت مسٹر عبد الرؤف صاحب بہادر بدستور عہدہ پولیٹکل منسٹر کی خدمات انجام دینگے۔

(۳) عالی مرتبت مسٹر سید بشیر حسین زیدی صاحب بہادر کو بعوض انجام دہی خدمات عہدہ چیف منسٹر الاؤنس ملیگا۔ اور عالیمرتبت مسٹر عبد الرؤف صاحب بہادر کو وہی الاؤنس ملیگا جو اب مل رہا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حکم:- واقع ۵ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بموجب رپورٹ سید محمد جمیل صاحب فائنانس سکرٹری بہادر کی تنخواہ میں ۲۲ر فروری ۱۹۳۶ء سے پچاس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام واراکان کو بھیجے جائیں۔ ۵ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۶ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

حسب عرضداشت عالیمرتبت صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے صدر و حکم منظوری رخصت اتفاقیہ پانچ یوم مطلوبہ لفٹننٹ احمد رشید صاحب ملٹری میڈیکل افسر از یوم استفادہ بوجہ ضروریات [illegible] حسب سفارش صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر

حسب رپورٹ لفٹنٹ احمد سعید خاں پولیٹیکل افسر کی رخصت اتفاقیہ پانچ یوم منظور رہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آر۔ ٹی۔ آرڈر جاری کیا جائے۔

روبکارہ — مورخہ ۶ راکتوبر ۱۹۳۶ء

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں دو لفٹنٹ افسران کی جگہ خالی ہے جس کے متعلق بتاریخ ۲۰ راگست ۱۹۳۶ء روبکار جاری ہوا ہے کہ وہ کیڈیٹ رکھے جائیں۔ آج عالیجناب صاحب آرمی منسٹر بہادر نے حسب ذیل انتظام کے متعلق زبانی عرض کیا۔ اور عالیجناب صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے حسابی نقطۂ نظر سے اتفاق کیا۔ لہذا بصراحت تحت احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) کپتان مشکور علیخاں اے ڈی سی تنخواہ دو سو پچاس روپیہ ماہوار اسٹاف سے فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں بہ رینک موجودہ کوارٹر ماسٹری پر تبدیل ہوں۔ اب ان کو ایک سو پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ اور دس روپیہ ماہوار الاؤنس کوارٹر ماسٹری ملیگا۔

(۲) لفٹنٹ حمید اللہ خاں موجودہ کوارٹر ماسٹر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کمپنی افسر (C) کمپنی مقرر ہوں۔ الاؤنس کوارٹر ماسٹری مسدود کیا جائے۔

(۳) سیکنڈ لفٹنٹ منظور حسن خاں اے ڈی سی اسٹاف سے بہ تنخواہ و رینک موجودہ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں کمپنی افسر (A) کمپنی (در سکنڈانگ افسر) مقرر ہو کر تبدیل ہوں۔

(۴) سیکنڈ لفٹنٹ شریف الحسن خاں اے ڈی سی اسٹاف سے بہ تنخواہ و رینک موجودہ بجائے سیکنڈ لفٹنٹ محبوب علیخاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں کمپنی افسری (B) کمپنی پر تبدیل ہوں۔

(۵) سیکنڈ لفٹنٹ محبوب علیخاں کمپنی افسر (C) کمپنی فرسٹ رامپور رضا انفنٹری بجائے کپتان ابن حسن سیکنڈ رامپور [illegible] انفنٹری میں بہ تنخواہ و رینک موجودہ سیکنڈانگ کمپنی کمانڈر مقرر ہوں۔

(۶) کپتان ابن حسن سیکنڈ رامپور [illegible] انفنٹری سے بہ تنخواہ و رینک موجودہ اسٹاف میں اے ڈی سی مقرر ہوں۔

نوٹ: — دو عہدے کپتان مشکور علیخاں و سیکنڈ لفٹنٹ منظور حسن خاں و سیکنڈ لفٹنٹ شریف الحسن خاں آنریری اے ڈی سی رہیں گے اور ان کی اچکن بہ نمونہ پرائیویٹ اے ڈی سی کا کلف لگا رہیگا۔ علاوہ انکے جو اے ڈی سی ... سیکنڈ لفٹنٹ سید ... بجائے ... اسٹاف میں بجائے سو روپیہ تنخواہ پر اے ڈی سی مقرر ہوں۔ ... روپیہ ماہوار الاؤنس مسدود کیا جائے۔

(۷) معین الدین خاں تقرری شدہ سیکنڈ رامپور [illegible] انفنٹری کو بتغیر رینک کپتان اے ڈی سی مقرر کیا جاتا ہے۔ ایک سو روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔ کپتان معین الدین خاں اے ڈی سی کا سلسلہ ملازمت سابقہ اس شرط پر قائم کیا جا کر منظور کیا جاتا ہے کہ وہ رقم گریجویٹی جو ان کو دی گئی ہے۔ واپس کریں گے۔ زمانہ بیکاری کی تنخواہ نہیں ملیگی اور نہ مدت بیکاری پنشن کے لئے شمار ہوگی اگر گریجویٹی مصارف پنشن ہو تو ان کا یہ تقرر جدید ہوگا۔

مسل (۱) حسب ذیل تکمیلی

نوٹ:۔ (ب) بتاریخ ۲۰ ستمبر ۱۹۳۲ء اگرچہ اسکیم فوج کے متعلق رد و بدل ہو چکا ہے۔ لہذا نفاذ گریڈ اسکیم پر کل فوج و اسٹاف کی تنخواہوں کا ایک اسکیل ہو جائیگا۔

نوٹ:۔ (ج) چونکہ فوج میں افسران کی تعداد پوری ہو گئی لہذا رد و بدل بعد ۲۱ اگست ۱۹۳۲ء متعلق تقرر سکنڈ لفٹنٹ منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ:۔ (د) کپتان عبد الرحمن خاں ایڈی کانگ متعلق الولیہ و سکنڈ لفٹنٹ سید منیر احمد ایڈی کانگ اسامی ساقط ہو کر فوج میں تبدیل ہو جائیں گے۔

تقابل حسابی

انتظام مندرجہ بالا میں آرمی ہیڈ کوارٹرس میں پانچ روپیہ ماہوار، فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں تیس روپیہ ماہوار کی بیشی اور سیکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری میں تیس روپیہ ماہوار اور ہز ہائینس باڈی گارڈ میں ایک سو تین روپیہ ماہوار کی بچت رہتی ہے۔ لہذا فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں تیس روپیہ ماہوار سیکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری سے اور پانچ روپیہ ماہوار آرمی ہیڈ کوارٹرس میں ہز ہائینس باڈی گارڈ سے منتقل کئے جائیں۔

ہز ہائینس باڈی گارڈ میں اٹھانوے روپیہ ماہوار کی بچت رہتی ہے۔ یہ آرمی ہیڈ کوارٹرس میں منتقل کی جاوے اور یہ منظوری خاص اجلاس ہمایوں صرف کی جائے۔ نقشہ تقابل حسابی منسلک رد و بدل ہذا ہے۔

حکم ہوا کہ

منظور ہے۔ صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔

آرمی ہیڈ کوارٹرس سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

ایک ایک نقل رد و بدل ہذا کی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر، عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر، عالیمرتبت آرمی منسٹر بہادر اور صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس بھیجی جائے۔

ایک نقل مع نقشہ تقابل حسابی درج گزٹ ہو۔

نقشہ تقابل حسابی

نمبر شمار	نام زمرہ	کمی: نام	کمی: تنخواہ	بیشی: نام	بیشی: تنخواہ	خالص کمی یا بیشی: کمی	خالص کمی یا بیشی: بیشی	کیفیت
۱	آرمی ہیڈ کوارٹر	کپتان مشکور علیخاں	[illegible]	کپتان معین الدینخاں	[illegible]			
۲	"	سکنڈ لفٹننٹ شریف بخش خاں	[illegible]	سکنڈ لفٹننٹ سید ضمیر الحسن	[illegible]			
۳	"	سکنڈ لفٹننٹ منظور حسن خاں	[illegible]	کپتان ابن حسن	[illegible]			
			[illegible]		[illegible]	[illegible]		
۴	فرسٹ رامپور رضا انفنٹری	سکنڈ لفٹننٹ محبوب علیخاں	[illegible]	کپتان مشکور علیخاں	[illegible]			
۵	"	صدر دی اوانسٹرکٹر		سکنڈ لفٹننٹ شریف بخش				
		ماسٹری لفٹننٹ حمید خاں	[illegible]	خاں	[illegible]			
۶	"	دوم اسسٹنٹ افسر	[illegible]	سکنڈ لفٹننٹ منظور حسن خاں	[illegible]			سکنڈ لفٹننٹ منظور حسن خاں و سکنڈ لفٹننٹ شریف بخش خاں کی اتفاقی تبدیلی ہوئی ہے بیشی [illegible] ماہوار کم [illegible] ماہوار بجٹ میں تھا
			[illegible]		[illegible]	[illegible]		
۷	سکنڈ رامپور رضا انفنٹری	کپتان ابن حسن	[illegible]	سکنڈ لفٹننٹ محبوب علیخاں	[illegible]			
			[illegible]		[illegible]	[illegible]		
۸	ہز ہائنس باڈی گارڈ	سکنڈ لفٹننٹ سید ممتاز احمد	[illegible]					
	میزان کل		[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	خلاف بجٹ منظور [illegible] ماہوار

دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب اجلاس ہمایوں

حکم :- واقع ۹ اکتوبر ۱۹۳۶ء

حسب رپورٹ عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔ عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کی مدت ڈیپوٹیشن میں دسمبر ۱۹۳۶ء سے ایک سال کی توسیع منظور ہے۔ عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر یوپی گورنمنٹ کو باضابطہ تحریک کریں۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض | میرساند

جناب عالی

عالی مرتبت مسٹر جی۔ ڈی۔ پارکن انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کی جولائی ۱۹۳۰ء سے تین ماہ کی رخصت کے کاغذات ماہ جون ۱۹۳۶ء میں پیش ہونے پر پیشگاہ ہمایوں سے ایماء فرمایا گیا تھا۔ کہ ان کی مدت ڈیپوٹیشن میں ایک سال کی توسیع کی بابت ماہ اکتوبر ۱۹۳۶ء میں رپورٹ پیش ہونے پر باضابطہ احکام صادر ہوں گے۔ صاحب موصوف کے ڈیپوٹیشن کی مدت ماہ دسمبر ۱۹۳۶ء میں ختم ہوگی۔ لہذا دولتخواہ مستدعی ہے کہ ملازمت میں تاریخ ختم مدت سے بشرط اللہ موجودہ ایک سال کی توسیع کے احکام پیشگاہ ہمایوں سے صادر فرمائے جائیں۔ اجلاس ہمایوں سے حکم صادر ہونے پر گورنمنٹ سے تحریک کیجائیگی عرضداشت حضور انور میں پیش ہے۔ زیادہ حد ادب دولت و اقبال بہ ترقی باد۔

عرضے

دولتخواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۹ اکتوبر ۱۹۳۶ء

روبکار :- واقع ۹ اکتوبر ۱۹۳۶ء

کل شب میں ساڑھے نو بجے ما بدولت واقبال نے بجلی گھر کا معائنہ فرمایا۔ آن ڈیوٹی ملازمان مستعد تھے عام طور پر انجینئران کو عملی طور پر کام کرنے کے مقابلہ میں فن کی واقفیت اور کتابی معلومات زیادہ ہوتی ہیں لیکن اس موقع پر یہ دیکھ کر مسرت ہوئی کہ مسٹر امیر احمد خاں الکٹرک انجینئر کو واقفیت فن کے ساتھ عملی تجربہ بھی ہے اور وہ خود کام کر سکتے ہیں۔ انہوں نے انجن۔ ٹربائن۔ بوائلرز اور سوئچ بورڈ وغیرہ پر جو کام کیا اس سے ان کی عملی واقفیت کا بخوبی اظہار ہوتا تھا۔ ما بدولت واقبال ان کی اس پریکٹیکل قابلیت پر اظہار خوشنودی مزاج فرماتے ہیں۔ دیگر ایسے افسران صیغہ کو اس سے فائدہ اٹھانا چاہیے

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسلہ ہو۔ ایک نقل درج گزٹ۔ ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۶ء

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- واقع ۳ اکتوبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ اکتوبر ۱۹۳۶ء میں کاغذات عطائے اختیار اجازت تعمیر دیوار و دیہاتی نصب چوکھٹ کیواڑ بہ ٹاؤن ایریا کمیٹی ٹانڈہ پیش ہو کر طے پایا کہ:-

چونکہ بحکم ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۵ء کل آمدنی مذرانہ تعمیر دیوار و دیہاتی نصب چوکھٹ کیواڑ ٹاؤن ایریا کمیٹی کو دیدی گئی ہے اسلئے تعمیر دیوار دیہاتی نصب چوکھٹ کیواڑ کی وہانید اجازت کا اختیار بھی کمیٹی مذکور کو دیا جاتا ہے اس سلسلہ میں جو کچھ آمدنی ہو وہ ٹاؤن فنڈ میں جمع ہوا کرے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

(دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

(دستخط صاحب سکریٹری بہا اسٹیٹ کونسل)

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- واقع ۳ اکتوبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ اکتوبر ۱۹۳۶ء میں تجویز عالیمرتبت صاحب پولٹیکل منسٹر بہادر بابت منظوری معیار قابلیت ایف۔ ایس۔ سی برائے ٹرننگ مطبع بعہدہ مینجر اسٹیٹ پریس پیش ہو کر طے پایا کہ:-

سپرنٹنڈنٹ اسٹیشنری و مینجر اسٹیٹ پریس کے منشی کی ٹرننگ کیلئے تین امیدوار کے واسطے بی۔ ایس۔ سی۔ اور کم از کم ایف۔ ایس۔ سی۔ پاس کو باہر بھیجنے کی منظوری دیجاتی ہے۔ زمانہ ٹرننگ کے بعد ابتدائی تنخواہ مشٹ رہوگی۔

انتخاب امیدوار باقاعدہ اعلان کے بعد انٹرویو کے ذریعہ کیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی ضروری بخدمت عالیمرتبت صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر بھیجا جائے۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہا اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل واقع ۳ اکتوبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ اکتوبر ۱۹۳۶ء میں کاغذات منظوری تقرر ماسٹر عزیز احمد قریشی ساکن ضلع غیر بطور ڈرائنگ ماسٹر بر اسامی منظور شدہ بجٹ چالیس روپیہ ماہانہ از ۱۹ مئی ۱۹۳۶ء تا ۱۹ مئی ۱۹۳۷ء برائے یکسال پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب اتفاق سروس سلیکشن بورڈ دشمورہ فاننانس منسٹر عزیز احمد قریشی باشندہ ضلع غیر کا تقرر امتحاناً برائے یکسال از ۱۹ مئی ۱۹۳۶ء بمشاہرہ چالیس روپیہ ڈرائنگ اسکیل میں بعہدہ ڈرائنگ ماسٹر منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہا اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل اسٹیٹ

واقع ۳ر اکتوبر ۱۹۳۶ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ر اکتوبر ۱۹۳۶ء میں کاغذات عطائے کنونس الاؤنس بہ ایگزیکٹیو انجنیر صاحب تعمیرات و انجنیر صاحب واٹرورکس بحساب تیس تیس روپیہ ماہانہ فی کس و ترقی دس دس روپیہ ماہانہ الاؤنس انجنیر صاحب محکمہ برقی پیش ہو کر طے پایا کہ

ایگزیکٹیو انجنیر صاحب تعمیرات و انجنیر صاحب واٹرورکس کو تیس تیس روپے ماہانہ الاؤنس اور انجنیر صاحب محکمہ برقی الاؤنس بیس روپے ماہانہ کا بہ ترقی دس روپیہ ماہانہ - تیس روپیہ ماہانہ الاؤنس از یکم اکتوبر ۱۹۳۶ء منظور کیا جاتا ہے ۔

ناظم صاحبان - لیڈی ڈاکٹر صاحبہ اور ایگزیکٹیو انجنیر صاحب ہنسار جو الاؤنس اب پا رہے ہیں - بدستور پائیں گے - لیکن آئندہ ناظم صاحبان اور لیڈی ڈاکٹر صاحبہ کے جانشین کو کوئی سواری الاؤنس پانے کا استحقاق نہ ہوگا - موخر الذکر کے لئے یہ کل الاؤنس کنونس الاؤنس کے نام سے موسوم ہونگے اور ذاتی شمار ہونگے - عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر رقوم الاؤنس کی گنجائش بجٹ یا تیے متعلقہ خود کی بجٹ سے نکالیں - یا زرو ابجاس سے متعلق کی کارروائی ضابطہ فرمائیں

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل